میاں ضیاء الرحمان: ہماری نظر بھی بچاؤ۔ سپیکر صاحب! میں ایک دفعہ پھر آپ کا شکریہ ادا کروں گا، بکریال سٹی کے معاملہ کیلئے اور آپ نے اتنا بڑا تعاون کیا اور اللہ کے فضل و کرم سے میں یہاں پر، ہماری Relief and rehabilitation committee کے چیئرمین اپنے بھائی محمد علی خان صاحب کا نام نہ لوں تو یہ ایک انتہائی زیادتی کی بات ہو گی کہ جنہوں نے اپنا ذاتی، میں ان کا نام نہ لوں تو یہ انتہائی زیادتی ہو گی، ناانصافی ہو گی (تالیاں) جنہوں نے اپنا ذاتی معاملہ سمجھتے ہوئے، آپ نے اس کو اپنا ذاتی معاملہ سمجھا اور اللہ کے فضل و کرم سے وہ حل کے قریب ہے اور آپ کی کوششوں کو اور آپ کے اخلاص کو جناب چیئرمین صاحب! میں سلام پیش کرتا ہوں اور اس کے ساتھ ساتھ اس کمیٹی کے ممبران کا بھی میں اگر ذکر نہ کروں، بخت بیدار خان صاحب کا اور یاسین خان خلیل صاحب کا، صاحبزادہ ثناء اللہ صاحب کا اور باقی بھی جتنے بھی ممبران ہیں تو یہ بھی ایک زیادتی ہو گی، لیکن وزیر اعلیٰ صاحب نے ہمارے ساتھ کیا کیا کہ 14 اپریل کو میرے خلاف فیصلہ ہو گیا، میں Deseat ہو گیا تو جناب سپیکر! انتہائی زیادتی کی بات ہے کہ 28 اپریل کو وزیر اعلیٰ صاحب نے جو مجھ سے ہارا ہے اور تیسرے نمبر پر آیا ہے ایک Candidate تھا، اس کو بلا کر بکریال کا کریڈٹ بھی اس کو دینے کی کوشش کی حالانکہ میں سمجھتا ہوں کہ وزیر اعلیٰ صاحب یہ وقت ہے، یہ گزر جاتا ہے، بڑے بڑے لوگ آئے اور چلے گئے اور آپ بھی چلے جائیں گے اور کسی کی داستاں تک بھی نہیں رہتی ہے داستانوں میں، ہاں اگر کوئی اچھا کام کرتا ہو تو ضرور وہ تاریخ کے صفحات میں زندہ و جاوید ہو جاتا ہے اور اسے کبھی کوئی فراموش نہیں کر سکتا، تو وہ میرے ساتھ وزیر اعلیٰ صاحب نے ایک انتہائی زیادتی کی اور جناب سپیکر صاحب! روڈوں کو دیکھا جائے، ہسپتال سب سے بڑی چیز ہے اور آپ کے سامنے میں آج یہ بات کر رہا ہوں اور اللہ کے فضل و کرم سے میں بری الذمہ

ہوں کیوں؟ پہلے دن سے بالاکوٹ کی ہسپتال کی بات، بکریال کی بات، اگر میں نے نہ کی ہو تو میں بالاکوٹ کے عوام کا مجرم ہوں، لیکن اگر میں نے یہ پہلے دن سے کی ہے تو اللہ کے فضل و کرم سے میں بری الذمہ ہوں۔ وزیر اعلیٰ صاحب جانیں، حکومت جانیں، بالاکوٹ کے عوام جانیں اور اللہ جانیں اور ان کی قبریں جانیں، کیونکہ انہوں نے کوئی کام اس پر نہیں کیا اور اسی طرح ہم نے باقی بھی جو بات کی ہے اس کو ردی کی ٹوکری میں ڈالا گیا ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ۔ جی، ضیاء الرحمان صاحب! بس Conclude کریں۔

<u>میاں ضیاء الرحمان:</u> تو میں ایک بات کروں گا، آپ کی حکومت کا۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> اللہ ہمیں بچائے، اللہ ہمیں بچائے۔

<u>میاں ضیاء الرحمان:</u> تو آپ نے، جن لوگوں نے اچھا کردار ادا کیا ہے، ہم منافق نہیں ہیں، ان کی تعریف پہلے بھی کی ہے، اب بھی کر رہے ہیں اور آئندہ بھی کریں گے، بلکہ تاریخ خود جو ہے، اللہ کے فضل و کرم سے دنیا اور آخرت میں اللہ تعالیٰ انہیں بہتر اس کا اجر عطا کرے گا، آپ کو بھی اور باقی بھی جن لوگوں نے تعاون کیا۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> مہربانی۔

<u>میاں ضیاء الرحمان:</u> تو میں سر، صرف دو تین منٹ، سر، یہ ہمارا ایک موقع ہوتا ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> مہربانی، کافی لوگ رہ گئے ہیں، ان کو بھی بات کرنا ہے۔

<u>میاں ضیاء الرحمان:</u> سر! جعفر شاہ صاحب یہاں پر نہیں ہیں، انہوں نے جو چائنا کو گدھے آپ نے سپلائی کرنے کا کاروبار شروع کیا ہے تو اس کے اعداد و شمار انہیں فراہم نہیں کئے گئے اور اس سے پہلے گورنمنٹ نے جو چوہوں کا کام کیا تھا وہ بھی اچھا کام تھا، لیکن میں ایک اور معاملے کی طرف۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> وائنڈ اپ کریں پلیز۔

<u>میاں ضیاء الرحمان:</u> حکومت کی توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ پورے ملک میں اور ہمارے صوبے میں کتوں نے لوگوں کے ناک میں دم کیا ہوا ہے اور کتوں کا جو ہے، آپ ضرور معاہدہ کریں، چائنا کے ساتھ کیونکہ گورنمنٹ کا اب یہی کام رہ گیا ہے۔

<u>جناب سپیکر:</u> میڈم ثوبیہ شاہد پلیز!۔

<u>محترمہ نگہت اورکزئی:</u> جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: آپ سب سے آخر میں،آپ تو بڑی لیڈر ہیں نا،اس کے بعد آپ کو دے دیں گے۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: میڈم ہاں، میڈم پہلے کر لیں، پھر اس کے بعد میں۔۔۔۔

جناب سپیکر: اچھا، میڈم پہلے کریں، چلو جی۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: میڈم پہلے آپ کر لیں، پھر اس کے بعد میں کر لیتی ہوں، ٹھیک ہے۔

جناب سپیکر: جی، میڈم نگہت اورکزئی!۔

محترمہ نگہت اورکزئی: شکریہ۔ جناب سپیکر صاحب! دیر آید درست آید، سب سے پہلے تو میں خیبر پختونخوا کو یہ پانچواں بجٹ پیش کرنے پر اور تمام اسمبلیوں کو پانچواں بجٹ پیش کرنے پر مبارکباد پیش کرتی ہوں اور یہ اس لئے کہ یہ محترمہ شہید بی بی رانی اور آصف علی زرداری صاحب کی مفاہمت اور جمہوریت کی جو داستان تھی وہ لکھی گئی کہ تمام اسمبلیوں نے اب 10 سال پوری کر لئے، میں شہید بی بی رانی کو خراج عقیدت اور آصف علی زرداری کو خراج تحسین پیش کرتی ہوں اور یہ بات بھی یہاں پر ضرور کرنا چاہوں گی کہ جس نے بھی شہید بی بی رانی کے لہو کے ساتھ غداری کی وہ لوگ نہ کبھی دنیا میں اور نہ کبھی آخرت میں صحیح مقام حاصل کر سکیں گے۔اب آتی ہوں جناب سپیکر صاحب!اور یہاں پر ایک اور بات بھی ضرور کرنا چاہوں گی کہ سی پیک، سی پیک کا بڑا رولا پڑا ہوا ہے، ہر بندہ اس کا کریڈٹ اٹھانے کی کوشش کر رہا ہے اور میں یہ سمجھتی ہوں کہ لوگوں کو یہ سمجھنا چاہیئے، جو اس وقت سی پیک کا بڑا رولا یہ کر رہے ہیں کہ جی ہم نے یہ کر دیا، ہم نے وہ کر دیا تو سمجھنے والوں کو یہ سمجھنا چاہیئے کہ یہ سی پیک جو ہے یہ پریذیڈنٹ آف پاکستان آصف علی زرداری کا یہ بے بی تھا، جو کہ اب پھل پھول کے جوان ہو گیا ہے اور پورے پاکستان کو اس کی ترقیاں مل رہی ہیں، کوئی یہ نہ بھولے کہ پریذیڈنٹ آف پاکستان آصف علی زرداری جب پریذیڈنٹ تھے تو انہوں نے چائنا جا کر اس کے دستخط کئے تھے، تو یہ کریڈٹ صرف آصف علی زرداری صاحب کو جاتا ہے جو کہ آج جوان ہو گیا ہے۔ جناب سپیکر صاحب! میں تھوڑا سا پچھلے، مجھے آپ تھوڑا سا ٹائم دیں گے کہ پچھلے بجٹ کو میں اس بجٹ کے ساتھ تھوڑا سا Compare کروں گی تو مجھے تھوڑا سا آپ نے ٹائم دینا ہے کہ پچھلا جو 17-2016 کا جو بجٹ تھا، اس میں 46 پرسنٹ جو ٹوٹل بجٹ تھا، وہ یہ گورنمنٹ Utilize نہ کر سکی، اب اگر میں اس پر جاؤں تو مجھے صرف دو تین جو ہے اس پر بات کرنی ہے جو کہ بہت Important ہیں، ایک تو صحت کا ہے، جس میں 17.5 بلین رکھے گئے تھے اور 4.7 بلین جو تھے وہ اس میں خرچ ہوئے ہیں، اسی طرح انرجی اینڈ پاور میں 298.6 بلین رکھے گئے تھے، 22.7 بلین ریلیز

ہوئے، 2 بلین جو ہیں اس میں وہ خرچ ہوئے، اسی طرح فوڈ میں دیکھ لیں، انفارمیشن میں دیکھ لیں، سارے یہ میرے پاس ہیں، ایجوکیشن میں دیکھ لیں، 44 بلین اس میں ریلیز ہوئے، 9 بلین اس میں خرچ ہوئے، اسی طرح ٹرانسپورٹ میں ہیں، اسی طرح لیبر میں ہیں، تو میں اس میں نہیں جانا چاہوں گی، کیونکہ مجھے اصل بجٹ کی طرف آنا ہے تو اصل بجٹ میں سب سے پہلے تو یہ ہے کہ صحت کا شعبہ جو ہے، صحت کے شعبے میں ہر حکومت جو ہے وہ چاہتی ہے کہ وہ اس کا ہر شہری صحتمند ہو، جب صحت کے شعبے میں ہر شہری صحت مند ہوگا تو ظاہر ہے کہ وہ تعلیم بھی اچھی کرے گا، جب بچہ صحت مند ہوگا تو وہ اچھی تعلیم بھی حاصل کرے گا اور اس میں سب سے بڑا کردار جو ہوتا ہے، جناب سپیکر صاحب! یہ بڑے بڑے ہسپتالوں میں جو یہ بیماریاں ہوتی ہیں وہ بڑی بیماریوں کی روک تھام جو ہے وہ بڑے ہسپتالوں میں نہیں ہوتی ہے، اس کیلئے بی ایچ یو اور یہ جو دوسرے ہوتے ہیں، بیماریوں کی روک تھام بی ایچ یوز میں ہوتی ہے جو ہر ڈسٹرکٹ اور ہر ڈویژن میں آپ نے بنانے ہوتے ہیں، اور جو بڑے ہاسپٹلز ہوتے ہیں ان میں ان آپریشنز، سرجریز یا بڑی بڑی بیماریوں کا علاج ہوتا ہے، ان بی ایچ یوز میں جو دوسری بیماریاں ہوتی ہیں ان کا علاج مشکل سے ہوتا ہے۔ جناب سپیکر صاحب! یہاں پہ میں یہ بات ضرور کرنا چاہوں گی کہ صحت کے شعبے میں جو قانون سازی کی گئی ہے، وہ صرف ایم ٹی آئی تک محدود ہے اور اگر ایم ٹی آئی تک جو قانون سازی محدود ہے اور بیماریوں کی روک تھام کیلئے حکومت نے جو کرنا ہے وہ نہیں کر سکی، ابھی تک Sorry to say، جیسا کہ میں نے پہلے کہا کہ بیماریوں کا علاج بڑی ہسپتالوں میں نہیں ہو سکتا، بی ایچ یو اس کیلئے بہترین ہیں، وہ جو میری Suggestion ہے، اس سے یہ ہوتا کہ بڑی ہسپتالوں میں 75 پرسنٹ جو رش ہے وہ کم ہو جانا ہے، لیکن موجودہ حکومت نے اس پہ کسی قسم کی توجہ نہیں دی ہے، ایم آئی ٹی موم کی وہ ناک ہے جس کو جس طرف دھکیلا جائے، جس طرف لیا جائے وہ اسی طرف مڑ جاتی ہے، ایم آئی ٹیز میں آئی بی پی کے نام پہ پرائیویٹ پریکٹس کا آغاز ہو چکا ہے جو پرائیویٹائزیشن کی جانب بہت بڑا قدم ہے، آج ہسپتالوں میں داخل ہونے والے غریب کو دوائی نہیں ملتی، جبکہ پرائیویٹ مریضوں کو ہر چیز میسر ہے، دوائی بھی، بیڈ بھی، ہر چیز، مجھے بتائے پرائیویٹائزیشن اور کس کو کہتے ہے، کیا یہ پرائیویٹائزیشن کی طرف ہمارا پہلا قدم نہیں ہے؟ سپیشلسٹ کیلئے ادارہ جی ایم ٹی اگر اس کو تحلیل کر دیا جاتا ہے تو ایل آر ایچ کی رجسٹریشن جو ہے وہ منسوخ ہونے کیلئے تیار ہے، یہ اگر منسوخ ہو گئی تو ایل آر ایچ جو ہے تو وہ بالکل ختم ہو جائے گی۔ جناب سپیکر صاحب! یہاں ہم بڑے بڑے دعوے کرتے ہیں کہ باہر سے لوگ آ رہے ہیں، باہر سے بہت بڑے بڑے

ڈاکٹرز جو ہیں وہ کوئی کینڈا سے آرہا ہے، کوئی یورپ سے آرہا ہے، کوئی برطانیہ سے آرہا ہے، کوئی کہاں سے آرہا ہے، جب وہ اپنی تعلیم ختم کرتے ہیں تو وہ ضرور آتے ہیں، اپنے ملک میں آتے ہیں لیکن وہ Permanent آتے ہیں، ایسا نہیں ہے کہ واشنگٹن میں بیٹھا ہوا ایک شخص آئے اور وہ ایک مہینہ یہاں پہ گزارے اور وہ Dictate کرے، لاکھوں کی سیلری لے اور پھر اس کے بعد وہ یہاں سے سارا کچھ یہاں کی Facilities انجوائے کرے، جبکہ اس کے پاس شناختی کارڈ پاکستان کا نہیں ہے، اس کے پاس پاسپورٹ پاکستان کا نہیں ہے، اس کے پاس پاکستان کے کسی قسم کے کوئی Relevant documents نہیں ہیں تو وہ ہمارے نظام کو کیسے چلائے گا؟ جناب سپیکر صاحب! یہ لوگ جوینگ ڈاکٹرز جو فوت ہوئے ہیں، ان کو ابھی تک اس حکومت نے، کیونکہ صحت ایک ایسا مسئلہ ہے کہ اس سے ہم اور آپ سب گزر سکتے ہیں، اگر ینگ ڈاکٹرز جو فوت ہو چکے ہیں، ان کو نہ معاوضہ دیا گیا اور نہ ہی ان کے والدین کو تسلی کرائی گئی، کیا یہ ینگ ڈاکٹرز جو اتنا پڑھ کر آتے ہیں اور ہاؤس جاب کرتے ہیں اور جب فوت ہو جاتے ہیں تو ان کا کوئی والی وارث نہیں ہوتا، ان کو کوئی پوچھنے والا نہیں ہوتا، وہ ڈھیر کا کچرا بن جاتے ہیں، ان کو اٹھایا اور ان کو سپرد خاک کر دیا گیا۔ جناب سپیکر صاحب! میں آپ کے توسط سے یہ پوچھنا چاہتی ہوں، وزیر صحت صاحب یہاں پہ نہیں، میری ان سے 10 دفعہ یہ بات ہوئی، جناب سپیکر صاحب! آپ سے میری بات آئس پہ ہوئی، نشے پہ ہوئی، یہاں پہ آپ نے بات کی، نشے پہ بات کی کہ ہم نے نشے کو کنٹرول کرنے کی کوشش کی، ہم نے لوگوں کو ریلیف دیا، ہم نے یہ کیا، ہم نے وہ کیا، آپ کا اقدام سو دفعہ بسم اللہ، ہم اس کو Appreciate کرتے ہیں، لیکن جناب سپیکر صاحب! میری یہاں پہ تین لوگوں سے، آپ نے اس پر کمیٹی بنانے کا وعدہ بھی کیا تھا لیکن آپ نے بالکل بل اس پہ منظور کرایا، آپ نے سود پہ بل منظور کروایا، آپ نے Transgender کیلئے یہاں پہ 20 کروڑ روپے رکھے، آپ نے ان ینگ ڈاکٹرز کیلئے کیا کیا؟ یہاں پہ ایل آر ایچ میں مجھے اس کا جواب دیا جائے، جناب سپیکر صاحب کہ یہاں پہ ایل آر ایچ میں ایک ڈاکٹر دو دو عہدوں پر کیا کر رہا ہے، دو دو عہدوں کی تنخواہ کیوں لے رہا ہے؟ جناب سپیکر صاحب! اگر ہم پرائیویٹائزیشن کی طرف جاتے ہیں۔۔۔۔

جناب سپیکر: میڈم ٹائم، ٹائم کا پلیز، آپ ٹائم کو۔

محترمہ نگہت اورکزئی: نہیں، میں بالکل سر، مختصر طور پہ آتی ہوں۔۔۔۔

جناب سپیکر: ہاں مختصر کریں جی۔

محترمہ نگہت اورکزئی: اگر ہم پرائیویٹائزیشن کی طرف گئے، آج جناب 20 دن ہو گئے ہیں، آج جناب 20 دن ہو گئے ہیں، ینگ ڈاکٹرز ہڑتال پہ بیٹھے ہوئے ہیں، کیا کوئی گورنمنٹ کا، پہلے بھی ہڑتالیں ہوتی رہی ہیں، پہلے بھی سب کچھ ہوتا رہا ہے لیکن کیا کوئی وفد آپ کا، آپ کو جب پتہ چلتا ہے، آپ جاتے ہیں، مجھے یقین ہے کہ جب آپ کی نالج میں بات آتی ہے، آپ جاتے ہیں لیکن اسمبلی کے باہر ان کا کیمپ لگا ہوا ہے، ان کے دو بندے جو Hunger strike پہ تھے، پولیس ان کو لے گی لیکن میں پولیس کے آئی جی کو Appreciate کروں گی کہ جب میری ان سے بات ہوئی تو انہوں نے ان کو چھوڑ دیا۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ میڈم! آپ جو ہے نا، بجٹ کے بغیر، بجٹ کے علاوہ اور چیزوں پہ مطلب آپ۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! بس ایک دو منٹ میں Transgender کی طرف آ رہی ہوں۔۔۔۔

جناب سپیکر: بس پلیز، وائنڈ اپ کریں۔

محترمہ نگہت اورکزئی: سر، بس Transgender کی طرف آ رہی ہوں، سر، Transgender کی طرف آ رہی ہوں سر، Transgender کے 20 کروڑ روپے کہاں گئے، مجھے اس کا پتہ نہیں ہے؟ Transgender کے وہ 20 کروڑ روپے کسی فلاحی منصوبے پر اگر لگ جاتے تو بہت بہتر ہوتا، میں یہاں پہ اسمبلی میں آپ کے توسط سے یہ درخواست کرنا چاہتی ہوں کہ اس اسمبلی میں بل لایا جائے، Transgender کی فلاح و بہبود کیلئے اور اس بل میں یہ لکھا جائے کہ جو والدین اپنے بچوں کو، ایسے Transgender بچوں کو Disown کرتے ہیں تو وہ والدین جرم کے مرتکب ہوں گے، دوسری بات۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر! آپ نے یہاں پہ وومن کمیشن کا لکھا لیکن ایک بل جو کہ پورے پاکستان میں Introduce ہو چکا ہے وہ ابھی تک اس صوبے میں لاگو نہیں ہوا، ایک پیٹیشنر ہائی کورٹ میں گئی ہے جو کہ Harassment کا بل ہے جو ابھی تک صوبہ کے پی کے میں لاگو نہیں ہوا، جبکہ تینوں صوبوں میں وہ لاگو ہو چکا ہے۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ جی، شاہ فرمان خان پلیز! شاہ فرمان خان! وہ ایک پرسنل، جی شاہ فرمان خان!

جناب شاہ فرمان (وزیر آبنوشی و محنت): شکریہ۔ جناب سپیکر! جب بجٹ کے اوپر بحث ہے اور جب کبھی کہیں سے Objection آتا ہو اور اس کے اندر Statistical detail میں غلطی ہو یا Statement کے اندر Correct، مطلب Incorrect ہو تو اس کو Respond کرنا پڑتا ہے۔ سب سے پہلے تو میں یہ بتاؤں کہ نوشیروان برکی صاحب کوئی تنخواہ نہیں لے رہے، ایک روپیہ تنخواہ نہیں لے رہے، نہ مراعات لے رہے ہیں، لہذا میں کہتا ہوں کہ یہ ایک سیریس الزام ہے، اس کی ویریفیکیشن کے بعد ہی Statement جاری کرنی چاہیئے، ایک ایسے بندے کے اوپر جو کہ مفت میں ٹائم بھی دے رہا ہے اور ہیلتھ کیلئے کام بھی کر رہا ہے، اس کے اوپر یہ بات کرنا کہ کروڑوں روپے، لاکھوں روپے کی تنخواہ لے رہا ہے، یہ غلط ہے۔ دوسری بات ایم ٹی آئی جو کہ پوری دنیا کے اندر یہ مشہور ہے اور یہ ایک Successful نظام ہے، اس کے اوپر کئی حکومتوں نے کوشش کی ہے، جناب سپیکر! کئی حکومتوں نے کوشش کی ہے، پرویز مشرف صاحب نے کوشش کی ہے، اس سے پہلے حکومتوں نے کوشش کی ہے اور یہ پاکستان تحریک انصاف کی حکومت ہے جو ڈٹی رہی اور اس کو کامیاب کرانے میں ہم کامیاب ہو گئے، دو دو، تین تین سال تک Litigation ہوئی، Stay orders آئے لیکن ہم پیچھے نہیں ہٹے، لہذا یا تو کوئی یہ کہے کہ ایم ٹی آئی سسٹم ناکام ہے تو اس کے اوپر تو بات ہو سکتی ہے، اگر کامیاب ہے تو اس سے پہلی حکومتوں نے کوشش کی وہ کیوں نہیں کامیاب کرا سکے اور ہم نے کیوں کامیاب کرایا؟ تیسری بات آج 51 پرسنٹ فیملیز کیلئے صحت کارڈز ہیں، اب اس سال 69 پرسنٹ فیملیز تک یہ بات پہنچ جائے گی۔ ٹوٹل آبادی 2 کروڑ 80 لاکھ کے قریب ہے خیبر پختونخوا کی، جس میں سے ایک کروڑ 92 لاکھ لوگوں کو صحت کی انشورنس مل رہی ہے، غریب آدمی کو یہ فکر نہیں ہے کہ اس کے بچے بیمار ہو گئے تو کیا بنے گا، اس کی فیملی بیمار ہو گئی تو کیا بنے گا؟ 2 کروڑ 80 لاکھ میں سے 1 کروڑ 92 لاکھ کو صحت کی انشورنس اور وہ جو بندہ اس کا خالق ہے، جو بندہ یہ کام کر رہا ہے اور بغیر تنخواہ کے کر رہا ہے، اس کے اوپر ہم الزامات لگا رہے ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ اپوزیشن اور گورنمنٹ کا یہ مطلب نہیں کہ جو گورنمنٹ کہے وہ اپوزیشن کہے، یہ غلط ہے یا جو اپوزیشن کہے وہ گورنمنٹ کہے کہ یہ غلط ہے، ہیلتھ منسٹر صاحب آ گئے، باقی یہ Explain کر لیں گے۔

جناب سپیکر: ماشاءاللہ آپ نے پورا Explain کر دیا، آپ نے بہت اچھے طریقے سے۔

وزیر آبنوشی و محنت: لیکن جناب سپیکر! میں یہ سارے آنریبل ممبر سے کہ ایک پولیٹیکل بات ہوتی ہے، جب آپ Statistics کے اوپر بات کرتے ہیں، جب آپ پالیسی کے اوپر بات کرتے ہیں تو میری سب

سے ریکویسٹ ہے کہ کوئی پانچ منٹ نکالا کریں، کوئی 10 منٹ نکالا کریں، کوئی کاغذ پڑھ کر جواب دیا کریں، کوئی کاغذ پڑھ کے اعتراض کریں، یہ جلسے کی تقریر اور اسمبلی کی تقریر میں فرق ہونا چاہیئے، شکریہ جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: ثوبیہ شاہد۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: تھینک یو۔ جناب سپیکر صاحب کہ آپ نے موقع دیا ہے، اس آخری بجٹ میں بولنے کیلئے، اول خو به جناب سپیکر صاحب! زه دا وئیلې شم چې د سی پیک خبره میډم یاده کړه نو سی پیک چې کوم دے ، که د دې د کریډټ د تلو خبره وی نودا اول سوچ چې کوم وو، دا د ایوب خان وو، کوم چې President وو، چې هغه د عمان نه ګوادر په ډومره دغه اخستې وو اود هغې به مونږ پاکستان ته اوس فائده رارسی، د هغې نه پس څومره حکومتونه تیر شو، څومره خلق راغلل خو چاته د ګوادر یا د سی پیک مونږ خو نه ده اوریدلې، نه پاکستان اوریدلې ده او نه داسې څه خبره راغلې ده، په دیکښې چې مونږ د میاں صاحب، د نوازشریف شکریه نه ادا کوؤ نو مونږه د خپل پاکستان او د پاکستانی د خپل ملک دا نمائندګی، د دې حق مونږ نه ادا کوؤ، ځکه چې که موټروې میاں صاحب، جوړه کړې ده نو هم زمونږه هر مسلمان، هرپیپلز والا ته، پی ټی آئی والا ته او هر کس د هغې نه دا سوچ دومره شو چې په ګهنټه، دوه کښې اسلام آباد ته رسی اوپه ګهنټه، دوه کښې په دوه ګهنټو کښې واپس رارسی، دا سوچ چرته مخکښې نه وو چې څومره ترقی اوشوه او څومره مونږه مخکښې لاړو خو که دا مونږه د میاں صاحب، شکریه نه ادا کوؤ او د هغه دا سوچ چې مخکښې ئے موټروې راوستله او اوس ئے ورته د سی پیک غوندې پراجیکټ د 20 کروړ عوامو د پاره یو دومره ښکلې سوچ راوستو چې د هغې نه به مونږ ټولوته فائده شی او دا به یو روټ جوړ شی او راهداری او هر چاته د یو یو کس زمونږ به چې کوم دے ، د ټولې دنیا نه به ښه شو۔ دوئمه زه به په بجټ سائیډ ته بیا راشم چې په بجټ کښې چې کوم دے ، دا وائیلی شوی دی چې دا ادارې مونږ ته تباه حال ملاؤ شوے وے نو دې څلور کالو کښې دې حکومت هیڅ نه وو کړی، اوس خو څلور کاله تیر شو، پکارده چې دا تباه حال خو نه وے ، داخو اوس په ټهیک حالات کښې شوی دی، اوس خو مو خپل ځائے ، دا خو آخرنې بجټ دے چې دا اوس ښه په خپلو خپو ولاړ

وے او په پوزیشن باندې ولاړ وے او کارکردگی ئے کړے وه او هم په دې بجټ کښې مظفر سید صاحب وائی چې دا مونږ ته تباه حال کښې ملاؤ شو او مونږ به په دې باندې دا به مونږه ښه کوؤ کله به ئے ښه کوؤ، بل حکومت د پاره بل چې بیا دا خلق ووټ درکړی بیا به څلور کاله تیر شی، دوئمه په دیکښې د پرائمری سکولونو ذکر شوے دے چې دیکښې مفت کتابونه دی، وظیفې ورکړی شوی دی او دا کړی شوی دی، دا چاله، چا تر اوسه پورې ما په اسمبلی کوئسچن کښې سوال کړے وو چې د دې ماله ریکارډ راکړې شی، د هغې د ریکارډ تر اوسه پورې رانه غلو چې کوم ماشوم ته او چاته ملاویږی، اوس هم نن ورشئ چې دا په بجټ کښې وئیلې شوی دی چې دا گورنمنټ د پرائیویټ سکولونو نه ماشومان لاړل، په گورنمنټ سکولونو کښې هغوی غریبانانو سره خو چیئرز نشته، کرسئ نشته، په ټاټونو ناست دی، نه ورسره اوبه شته، نه ورسره باؤنډری وال شته، نن ئے هم هغه پوزیشن دے، هم هغه پوزیشن ئے دے چې کوم ئے مخکښې وو کنه، پخپله د هر بنده په خپله حلقه کښې وزټ اوکړی او بیا د یو پبلک سکول وزټ اوکړی نو تاسو ته به اندازه پوره راشی بیا مونږه چرته تر اوسه پورې سوچ هم اونه کړو چې هر څوک دې د خپل کور نه سټارټ شی، د هر چا پخپل کور کښې مونږه داسې هیڅ قانون سازی رانغله چې د چا په کور کښې د ماشومان کورونو کښې کارونه کوی، چرته چا په هغوی زړه اونه سوځولو، چا د هغوی د پاره قانون جوړ نه کړو چې دا ولې واړه واړه بچی د خلقو په کورونو کښې دی، په لارو باندې دی، په دیکښې کار کوی، د هغوی د پاره نه اوسه پورې څه قانون جوړ شو۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> *شکریہ۔پلیز ابھی ٹائم بھی ہے تو مظفر سید صاحب! آپ اپنی تیاری کریں تو دو منٹ میں آپ کو موقع دیتے ہیں، جی، وائنڈاپ کریں۔*

<u>*محترمہ ثوبیہ شاہد:*</u> څنگه سر؟ ښه سر، ما خو لا اوس سټارټ اخستې دے، څنگه وائنډاپ کړم نو که زه به درته شارټ کټ اووایم چې د پی ټی آئی حکومت راغلو، ستاسو بجټونو، هر بجټ کښې زمونږ دغه وو چې مونږ ته به خامخا په د کهیل په میدان کښې عمران خان یو کهلاړی وو، په 1992 کښې یو هغوی ورلډ کپ گټلې وو نو مونږله به څه نه څه په دې باره کښې، خو سوچ اوکړئ چې ښه ښه

سټیډیمز او کړو بلکه یو علان ئے کړی هم وو، جوړ Stadiums 47 به زه جوړوم خو تر اوسه پورې خو یو سټیډیم مونږه اونه کتلو، د چا د پاره هیڅ سوچ اونه کړلې شو چې دا دے، څه د کهیل میدان د اوشی، د دوئ د پاره څه اوشو، سر، زه خپله خبره ختموم۔۔۔۔

جناب سپیکر: مہربانی، شکریہ۔ مظفر سید صاحب! اچھا اعظم درانی صاحب! Please two minutes, two minutes please،آپ بیٹھ جائیں پلیز،ابھی بیٹھ جائیں،اعظم درانی صاحب پلیز۔

جناب اعظم خان درانی: شکریہ۔ جناب سپیکر! میں آپ کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں اور مبارکباد پیش کرنا چاہتا ہوں، پورے ایوان کو کہ پانچواں بجٹ پیش کیا گیا لیکن حکومتی ارکان اس کو Appreciate کریں گے اور اپوزیشن ارکان اس پر تنقید کریں گے، یہ حق بجانب ہے۔ جناب سپیکر! میں چند چیزیں آپ کے گوش گزار کرنا چاہتا ہوں کہ میرے حلقے میں جتنے بھی سکولز ہیں، 14-2013ء سے Start ہیں، اب تک وہ بن رہے ہیں، فنڈ کی کمی کی وجہ سے جب ہم بجٹ کو دیکھتے ہیں، شاہ فرمان کو ذرا بٹھائیں، ان کو وہ ذرا، ان کو، شاہ فرمان صاحب! ذرا بیٹھ جائیں۔۔۔۔

جناب سپیکر: شاہ فرمان صاحب، شاہ فرمان صاحب بیٹھ جائیں آپ، آپ بیٹھ جائیں، آپ بیٹھ جائیں، جی۔

جناب اعظم خان درانی: دو باتیں آپ کیلئے کرتا ہوں، آپ نے کہا کہ جو چیز پوچھنی ہے تو وہ پڑھ کے ذرا پوچھا کریں، شاہ فرمان صاحب! 17-2016ء میں ایک سکیم تھی، 209 سیریل نمبر تھی، 160557 کوڈ نمبر تھا، اس میں، بعد میں دو نئی سکیمیں شامل ہوئیں، 211 پہ وہ آگئی تھیں، Construction rehabilitation water supply and sanitation of Khyber Pakhtunkhwa phase-II، وہ 2016ء سے لیکر 2017ء جون تک اسی طرح رہیں، میں سوچ رہا ہوں کہ یہ آپ کی غیر ذمہ داری ہے یا سیکرٹری صاحب کی کہ وہ فنانس کے ساتھ آپ لوگوں نے وہ Tackle نہیں کیا، Identification نہیں دی تو وہ سکیم 18-2017ء میں چلی گئی اور اب بھی وہ اسی نوعیت کی تھی، اسی نوعیت کی ہے، پہلے وہ پانچ ارب کی تھی، اب چار ارب روپے رہ گئے، اس میں دو ارب روپے ممبران کے درمیان Distribute ہوئے اور اس میں سے دو ارب اسی طرح پڑے ہیں، مہربانی کریں، جن اضلاع میں آپ نے کہا تھا کہ Need basis پہ، ٹانک، لکی، کرک، تورغر، ان کو شامل کریں، یہ اضلاع جن پہ

مہربان ہے تحریک انصاف کی گورنمنٹ، نوشہرہ اور یہ سب ایریا اس کو چھوڑ دیں، اس پہ ذرا غور کر دیں، جناب سپیکر! جب ہم بجٹ کو دیکھتے ہیں، بجٹ تقریر کو دیکھتے ہیں تو اس میں اربوں روپے پڑے رہتے ہیں لیکن جب میں نے حلف لیا تھا، پوائنٹ آف آرڈر پر تو جناب سپیکر! میں نے ایک برج کا ذکر کیا تھا، جب اکرم خان درانی سی ایم تھے، بج کوٹ اسد خان کا، اس میں ایک Damage تھا فلڈ کی وجہ سے تاحال نہیں بنا، اب تک وہ اسی طرح پڑا ہے اور بار بار جب ہم محکمے کے ساتھ بات کرتے ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ پیسے نہیں ہیں، جب بجٹ تقریر کو دیکھتے ہیں تو اربوں روپے ہیں تو ان سے ہم کیا معنیٰ اخذ کریں، آیا یہ صرف لفظوں کا ھیر پھیر ہے یا واقعی اس میں کچھ ہے؟ اس گورنمنٹ پر اس صوبے کے عوام نے تحریک انصاف پر جو اعتماد کیا تھا، جناب سپیکر! وہ ایک نعرہ تھا، کرپشن کا خاتمہ، منصفانہ تقسیم، شفافیت لیکن مجھے ایک چیز بھی نظر نہیں آرہی، آپ کو پتہ ہے کہ میں نے سنا ہے کہ ایک محکمہ کو Pressurize کیا جارہا ہے کہ ایک سکیم بنادے اور وہ نو 10 ارب روپے کی ہے اور خیبر بینک سے اور مزید بینکوں سے قرضہ لیا جائے، اس سکیم کو چالو کیا جائے، اس کیلئے وہ پیپر ورک بن رہا ہے اور بعد میں سی ایم صاحب کو اس پہ بریفنگ دیں گے جو صوبہ، آپ کی گورنمنٹ جو بھی قرضہ لیتی ہے، وہ پہلے ہاؤس میں لے کر آئیں، اس سکیم کو اگر وہ ضروری ہے تو اس کیلئے قرضہ لیں گے، ورنہ خدارا ایسا نہ کریں کہ اگر Next گورنمنٹ آئے گی تو یہ سارا اس پہ بوجھ ہوگا اور شاہ فرمان سے ہم امید رکھتے ہیں لیکن مشکل ہے، جناب سپیکر! میں آپ کا زیادہ ٹائم نہیں لوں گا لیکن جتنی بھی سکیمیں ہیں جو Ongoing ہیں، اگر وہ 2018ء تک آپ نے کمپلیٹ کرنی ہیں تو اس کو Fully funded کریں۔

<u>جناب سپیکر:</u> مظفر سید صاحب! جی، شاہ فرمان میرے خیال میں۔

<u>جناب شاہ فرمان (وزیر آبنوشی و محنت):</u> جناب سپیکر! بالکل درانی صاحب نے صحیح بات کی اور ان کو پتہ ہے، اس پالیسی کا ان کو پتہ ہے کہ ان پیسوں سے ہم اس ایریا میں مردان کا کوئی ایریا ہے، اس کے اندر بھی یہ مسئلہ ہے، خاص کر ساؤتھ کے اندر یہ مسئلہ زیادہ ہے اور یہ میری Commitment ہے کہ میں Personally جاؤں گا، اس Site کو دیکھوں گا، ادھر کھڑے ہو کر اعلان کروں گا اور باقی جو پیسے ہیں وہ آپ کے سامنے Need base م کے اوپر تقسیم ہوں گے، اس کے اوپر کوئی سیاست، کوئی پارٹی جس کا بھی حلقہ ہو وہ ان شاء اللہ آپ کے سامنے وہی پیسے تقسیم کریں گے جو آپ کے باقی ہے۔

<u>جناب سپیکر:</u> عاطف خان!

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم وانرجی اینڈ پاور): شکریہ۔ جناب سپیکر صاحب! میں کچھ فگرز کا ذکر کروں گا، یہاں پہ چونکہ اکثر ممبران صاحبان اعتراض کر لیتے ہیں اور اگر اس پہ واپس کوئی Explanation نہیں دی جاتی، Clarification نہیں دی جاتی تو یہ Assume کیا جاتا ہے کہ یہ ٹھیک ہے اور میڈیا میں بھی پھر اسی طرح وہ چیزیں کوڈ ہوتی ہیں تو میں کچھ ممبران، اگر یہاں پہ بیٹھے ہوں تو ایجوکیشن کے حوالے سے ہماری جب حکومت بنی، اس وقت آخری بجٹ جو ہماری حکومت سے پہلے کا تھا تو وہ 64 بلین کا تھا اور ابھی جو ایجوکیشن کا بجٹ ہے وہ 136.194 بلین یہ ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری کا ہے تو آپ یہ اندازہ کریں کہ 64 سے بڑھ کے یہ تقریباً کوئی 137/136 ارب کے قریب پہنچ گیا ہے یہ 100 Percent increase سے زیادہ 110، 15 Percent اس کی Increase ہے، پھر اس کے علاوہ بہت سے یہاں پہ میں سنتا ہوں کہ جی ایک سکول نہیں بنا، ایک سکول نہیں بنا، یہ میرے پاس فگرز ہیں جو کہ نئے سکولز بنے ہیں اور وہ چار سو پچاس نئے سکولز بنے ہیں ابھی تک، اور ممبران صاحبان اٹھ کر کہتے ہیں کہ جی ایک بھی سکول نہیں بنا، مجھے پتہ نہیں کہ شاید ان کے حلقے میں کوئی ایسی بات ہو تو پھر جو بڑی بڑی چیزیں تھیں، جو اکثر مسئلہ آتا ہے کہ ایڈیشنل کلاس رومز کا Basic missing facilities کا، اس کا اگر میں آپ کو بتاؤں کہ صرف مثالیں دوں کہ 10 ہزار ایڈیشنل کلاس رومز بنائے گئے ہیں، 10 ہزار، 14 ہزار چار سو باؤنڈری والز بنائی گئیں ہیں، 17 ہزار تین سو 50 گروپ لیٹرینز بنائی گئیں ہیں، 10 ہزار پانچ سو 50 سکولوں کو Electrification دی گئی ہے، 13 ہزار چھ سو سکولوں میں Clean drinking water provide کیا گیا ہے، یہ ٹوٹل ملا کر 21 ارب روپے ان چیزوں پہ لگے ہیں، یہ ایک بہت بڑا، جو لوگ کہتے ہیں کہ میگا پراجیکٹ، میگا پراجیکٹ 21 ارب روپے اگر ہم ان چھوٹی چھوٹی چیزوں پہ نہ لگاتے تو ہو سکتا ہے کہ عام لوگوں کیلئے چھوٹی چیزیں جیسے سکول میں ٹائلٹ نہ ہونا، یا پینے کا صاف پانی نہ ہونا، لیکن ان بچوں کیلئے بہت بڑی چیز ہے تو یہ 21 ارب روپے ان چیزوں پہ لگے ہیں جو کہ میرے خیال میں تاریخ میں اگر پرانا ریکارڈ دیکھ لیں تو کچھ کروڑ روپے ہوتے تھے، سال کے 21 ارب روپے ان Basic missing facilities پہ لگ گئے ہیں، ابھی تک اسی طرح 40 ہزار ٹیچرز ریکروٹ ہو گئے ہیں اور ان شاء اللہ تقریباً کوئی 15 ہزار کے قریب مزید ہمارا یہ جولائی کا Onwards program ہے ریکروٹ کرنے کا، تو 55 ہزار نئے ٹیچرز بھرتی ہو جائیں گے، اس Tenure میں جو ہمارا تھوڑا رہتا بھی ہے، اس کے علاوہ 83 ہزار ٹیچرز کی ٹریننگ برٹش کونسل کے ساتھ تین مختلف چیزوں میں پہلی دفعہ Structure training ہو رہی

ہے، 56 کروڑ روپے اس پہ خرچہ آئے گا، اس کے علاوہ 13 سو 50 آئی ٹی لیبز بنائی گئی ہیں جو State of the Art بالکل Latest IT labs ہیں، 13 سو 50 سکولوں میں یہ آئی ٹی لیبز بنائی گئی ہیں اور ملک کا پہلا صوبہ کیا بلکہ پاکستان کا، میرے خیال میں پھر مجھے کسی نے بتایا کہ شاید سندھ میں بھی ایک بنا ہے، لیکن پہلا گرلز کیڈٹ کالج بنا ہے، پاکستان کا میرے خیال کے مطابق لیکن بہر حال یا پہلا ہو یا دوسرا ہو، پھر بھی ایک Achievement ہے، پھر اس میں، سکولز میں پلے ایریا نہیں ہوتا تھا، پرائمری سکولز میں پلے ایریا نہیں ہوتا تھا، ساڑھے سات ہزار میں بن گیا ہے اور ان شاء اللہ 10 ہزر تک ہم نے لے کے جانا ہے، ان 10 ہزار سکولوں میں ہم نے پلے ایریا بنایا ہے پرائمری سکولز میں، پھر جو ایک لاکھ اور 50 ہزار دونوں سائیڈوں پہ سزا اور جزا کا دونوں سائیڈوں پہ سزا بھی دی گئی ہے، ہزاروں ٹیچرز کے خلاف انکوائری بھی کی گئی ہے، ایکشن بھی لیا گیا ہے، کوئی 19 کروڑ روپے ان سے تنخواہوں میں سے کاٹے گئے ہیں لیکن ساتھ ساتھ جو اچھے Performing teachers ہیں، Best performing teachers اور پرنسپلز، ان کو ایک ایک لاکھ روپے اور پچاس پچاس ہزار روپے دیئے گئے ہیں تقریباً، کوئی فگرز میرے پاس اس وقت نہیں ہے کہ کتنے ٹیچرز کو دیا گیا ہے۔ چار ارب روپے کا فرنیچر Provide کیا گیا ہے، یہ 14 لاکھ بچوں کو کرسیاں Provide کی گئی ہیں جو پہلے زمین پہ بیٹھ کر پڑھتے تھے، 14 لاکھ بچے ابھی کرسی پہ بیٹھ کے پڑھتے ہیں اور ان شاء اللہ یہ آنے والے سال میں تین ارب روپے کا ہم مزید فرنیچر Provide کریں گے تو یہ جو کہ ہمارے Estimates تھے کہ کتنی کرسیاں کم ہیں، 21 لاکھ تو اگر 100 پرسنٹ نہ ہوئی تو میرے خیال میں ان شاء اللہ تقریباً 99 پرسنٹ تک وہ کرسیاں بھی ان کو مل جائیں گی، پھر جو بچوں کیلئے ڈرائنگ کی بکس ہیں وہ پرائمری میں نہیں ملتی تھیں، وہ پہلی دفعہ ہم نے 51 لاکھ بکس دی ہیں پرائمری کے بچوں کو، اور اس طرح کافی چھوٹی چھوٹی چیزیں ہیں جو کہ یہاں پہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ کچھ نہیں ہوا ہے، تو ٹھیک ہے میں یہ نہیں کہتا کہ 100 پرسنٹ ہوا ہے، ہو سکتا ہے 70 تا 80 پرسنت تک کام ہوا ہو، مزید بھی ان شاء اللہ تعالیٰ امید ہے ہوگا اور اس میں ایک فگر جو پرسوں بابک صاحب نے بھی ذکر کیا کہ ایک لاکھ 51 ہزار پہلے سال، اس سال سے پچھلے سال 34 ہزار بچے پرائیویٹ سکولوں سے Migrate ہو کر سرکاری سکولوں میں آئے تھے اور ٹوٹل اس دفعہ پچھلے سال کے اور اس سال کو ملا کر ایک لاکھ 51 ہزار ہیں، اس کی لسٹ ہمارے پاس ہے وہ ہم Provide کر دیں گے اور اگر اس میں کہیں جھوٹ ہے، میں نے بار بار ڈیپارٹمنٹ کو یہ کہا ہے کہ اگر اس میں کوئی جھوٹ ہے تو ہمیں جھوٹ بولنے کی ضرورت نہیں ہے، اگر ایک لاکھ بچے

بھی آئے ہیں تو یہ بھی کافی ہے، ایک لاکھ 10 ہزار بولنے کی ضرورت نہیں ہے، ایک لاکھ 20 ہزار بولنے کی ضرورت نہیں ہے، اگر کہیں پہ غلطی ہے اور اگر جان بوجھ کر کسی نے غلط فگر دی ہے تو وہ Kindly ہمارے ساتھ Cooperate کریں، اس کے خلاف ضرور ایکشن لیا جائے گا، کیونکہ ہم نے کسی کو یہ نہیں کہا کہ آپ ہمیں جھوٹ کی فگر دیں، جو Actual ہے وہی ہمیں دیں، اگر جھوٹ کی فگر ہمیں دی جاتی ہے تو اس کے خلاف ضرور کاروائی ہوگی، اسی طرح میں باقی ڈیٹیل میں نہیں جاؤں گا، کافی ساری چیزیں ہیں لیکن بہتری ضرور آئی ہے۔ میں یہ نہیں کہتا کہ 100 پرسنٹ سب کچھ ٹھیک ہو گیا، انرجی اینڈ پاور کے حوالے سے اعتراضات اٹھے ہیں، ہم سے پہلے جو گورنمنٹ میں 56 میگاواٹ ٹوٹل Initiate ہوئے تھے اور ابھی تک ہم نے جو Initiate کئے ہیں، جس پہ Practically کام شروع ہے اور وہ 214 میگاواٹ ہے، پھر ایک 300 میگاواٹ کا اے ڈی پی کے تعاون سے انہوں نے Commitment کی ہے، تین سو میگاواٹ کا وہ ان شاء اللہ ایگریمنٹ جلدی سے ہو جائے گا، چھ سو 68 میگاواٹ کا، ایسا پرائیویٹ سیکٹر میں جو کہ تاریخ میں پہلے کبھی نہیں ہوا، یہ ڈیڑھ ارب ڈالر کی انویسٹمنٹ ہے، ان کے ساتھ ایگریمنٹ ہونے جا رہا ہے، ان شاء اللہ Next month ان کے ساتھ ایگریمنٹ ہو جائے گا اور ایف ڈبلیو او کے ساتھ ہمارا ایگریمنٹ ہوا ہے، پانچ سو چھ میگاواٹ کا جس پہ کام شروع ہو جائے گا، باقی یہ ٹوٹل اگر ملا لیں، یہ تقریباً دو ہزار ایک سو 50 میگاواٹ کے ہیں، جس پہ ان شاء اللہ کسی نہ کسی سٹیج پہ اس سال کام شروع ہو گا اور دو سال بعد یا تین سال بعد یا چار سال بعد ان شاء اللہ تعالیٰ یہ مکمل ہو جائیں گے، کیونکہ Obviously اس پہ ٹائم بہت لگتا ہے، اس پر اربوں روپے کی انویسٹمنٹ ہے، تو ظاہری بات ہے اس پہ ٹائم بہت لگتا ہے، تو ان شاء اللہ تعالیٰ اس پہ ہماری امید ہے کہ اس وقت اگر کام Slow لگ رہا ہے لیکن اس سال میں دو سال میں آپ کو لگے گا کہ بہت زیادہ پراجیکٹس شروع ہوئے ہیں اور ہمارے صوبے کی مین جو سورس آف انکم ہے، وہ یہی پراجیکٹس ہوں گے ان شاء اللہ تعالیٰ، جس سے ہم ہیلتھ پہ، ایجوکیشن پہ، سڑکوں پہ، لاء اینڈ آرڈر پہ، ہر جگہ پہ لگا سکیں گے لیکن مین ہمارا سورس آف انکم یہی ہو گا ان شاء اللہ تعالیٰ۔ بہت شکریہ۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر:</u> شہرام خان پلیز! فنانس منسٹر کل تقریر کر لیں گے۔

<u>جناب شہرام خان {سینیئر (وزیر صحت و انفارمیشن ٹیکنالوجی)}:</u> شکریہ۔ جناب سپیکر! ممبران پارلیمنٹ کی آج تعداد کم ہے لیکن ہیلتھ کے حوالے سے دو تین ایشوز جو انہوں ڈسکس کئے، ایک تو یہ ہے کہ

اگر ہیلتھ کا بجٹ دیکھا جائے تو پچھلے سال کے نسبت 20 پرسنٹ اس میں Increase آیا ہے، Overall جو تحریک انصاف کی حکومت آئی تھی تو اس وقت ہیلتھ کا بجٹ تھا 18 ارب روپے، جس میں 10 ارب تقریباً گرنٹ سائٹ پہ تھے، 8 ارب روپے تقریباً Development side پہ تھے، آج وہی بجٹ الحمد للہ تقریباً 66 ارب روپے پہ پہنچ گیا ہے، پچھلے چار سالوں میں پانچواں بجٹ ہے جو کہ ساتھ آپ کے بجٹ میں بھی آیا ہے، Overall بجٹ کا سائز جو 306 بلین ہے، اس میں 11 پرسنٹ ہے ہیلتھ کا بجٹ ہے، آپ کو یہ بتاتا چلوں کہ مختلف ممبرز نے ڈسکشن کی کہ صحت انصاف کارڈ جس پہ شاہ فرمان نے بات بھی کی کہ ایک ایسا منصوبہ ہے جس کو تحریک انصاف کی کولیشن گورنمنٹ نے اور اس حکومت نے اس کو سٹارٹ کیا، 18 لاکھ فیمیلیز کو یہ کارڈز دینے تھے، جس میں سے تقریباً 14 لاکھ سے اوپر لوگوں کو اب یہ کارڈ دیئے جا چکے ہیں، باقی پراسس میں ہیں اور اس سال کے بجٹ میں وہی نمبر ہم نے چھ لاکھ پہ کر دیئے تو 24 لاکھ لوگوں کو یہ کارڈز ملیں گے، ٹوٹل نمبر جب آپ خیبر پختونخوا میں اس کو Calculate کرتے ہیں 8 پہ تو ایک کروڑ 92 لاکھ لوگوں کو صحت انصاف کارڈ ملیں گے، ان شاء اللہ اس سال جو کہ 69 پرسنت پاپولیشن ہے خیبر پختونخوا کی، Almost seventy کو ٹچ کرتی ہے، Sixty nine point something پہ یہ پہنچ جاتی ہے اور یہ وہ فگر ہے جس جگہ پہ ہم ٹچ کر رہے ہیں، جن کی انکم دو ڈالر سے کم ہے ان تمام لوگوں کو یہ ٹچ کرے گی۔ اس کے ساتھ ساتھ اپوزیشن کی اگر بات کی جائے، اس سال کیلئے تقریباً کوئی تین ارب روپے ہم نے، یہ جو ہمارے جتنے بھی ہاسپٹلز ہیں، جو کمپلیٹ ہو رہے ہیں ان کے Equipments ہم ان کو دے رہے ہیں، 12 ارب روپے جس طرح چیف منسٹر صاحب نے کہا کہ ہمیں شارٹ فال ہے کہ جو بڑے بڑے ہاسپٹلز ہیں ان کو، ان کیلئے ہم کہیں سے بندوبست کر رہے ہیں تاکہ ہسپتالوں کو Full equiped کر سکیں، لیکن Periphery میں جتنے ہسپتال ہیں، جو تیار ہو رہے ہیں، ان سب کو ہم Equiped کر رہے ہیں اور جو بڑے ہیں ان کیلئے کچھ پیسے رکھے گئے ہیں، باقیوں کیلئے بھی پیسوں کا بندوبست کر رہے ہیں، یہ رواں مالی سال جو ابھی چل رہا ہے، تقریباً 15 ہزار ایک پوزیشنز، چار ہزار دوسری پوزیشنز، اس موجودہ سال میں ہم نے ہیلتھ کیلئے ڈاکٹرز، پیرامیڈیکس، نرسز کی ہم نے Create کی ہیں۔ تاریخ میں پہلی دفعہ آپ کے صوبے کے اضلاع میں ان بی ایچ یوز میں ڈاکٹر ملیں گے، جہاں پہ آج تک کبھی ڈاکٹر گیا نہیں ہے، ایک خواب تھا، یہ اس حکومت کا کارنامہ ہے الحمد للہ۔ اس سال 14 سو، 11 سو پوزیشنز ہم نے ایڈورٹائز کی ہیں جو کہ دی جائیں گی لیکن میں ایک بات کہتا چلوں کہ ایم پی ایز صاحبان نے تھوڑی دیر پہلے ایک بات کی اور

اکثر اسمبلی میں یہ Question raise ہوتا ہے، کبھی ایک ایم پی اے صاحب، کبھی Continuously دوسرا، سنی سنائی باتوں پہ وہ بات کر لیتے ہیں کہ ایم ٹی آئی ایکٹ کے اور اس کے بی او جی ممبر پر بات کرتے ہیں، خصوصاً ایک فرد پہ بات کرتے ہیں یا دو پہ بات کرتے ہیں، میں فلور آف دی ہاؤس بڑا Clearly یہ کہہ رہا ہوں کہ جن صاحب کا ذکر ہوا، نگہت اور کزئی صاحبہ نہیں ہیں، انہوں نے بڑی دھواں دھار تقریر بھی کی کہ جی ایک بندہ برکی صاحب ہے اور وہ پیسے لیتا ہے اور امریکہ سے آتا ہے، ہم حیران ہیں کہ With facts چیک کئے بغیر اسمبلی کے فلور پہ کسی پہ الزام لگانا، اگر کل کو کوئی ایک بندہ اٹھ کے کسی دوسرے ایم پی اے پہ الزام لگائے کہ جی یہ فلاں ایم پی اے یہ کام کر رہا ہے اور حقیقت دیکھی نہیں ہے کہ حقیقت میں اس ایم پی اے بیچارے نے کچھ نہیں کیا ہو گا۔ اسی طرح جس طرح اس ہاؤس میں ہر ایم پی اے کی ایک عزت ہے، اسی طرح اس صوبے میں جو باقی لوگ ہیں ان کی بھی ایک عزت ہے، ان کا بھی ایک رتبہ ہے، ان کا ایک Statice ہے، ان کی ایک Credibility ہے، اس نے دنیا میں اپنا نام بنایا ہے، ایک بندہ کیسے اٹھ کے دوسرے پہ الزام لگا سکتا ہے کہ جی وہ آتا ہے، کروڑوں روپے اس کو ملتے ہیں، تنخواہ لیتا ہے، کبھی پیچھے چیک ہی نہیں کیا کہ وہ اپنے ٹکٹ سے پاکستان آتا ہے، اپنے ٹکٹ سے وہ کیا کہتے ہیں گاڑی میں آتا ہے، اپنے پیسوں سے ہوٹل میں رہتا ہے اور خیبر پختونخوا کے لوگوں کیلئے وہ سروس دیتا ہے، تو میرے خیال سے کسی پہ الزام لگانے سے پہلے Fact چیک کرنا بہت ضروری ہے۔ ہاں اس طرح کے ایسے لوگ ہیں جو نہیں چاہتے کہ سسٹم میں بہتری ہو، وہ اس طرح کے لوگوں پہ انگلیاں اٹھاتے ہیں کہ جی اس کی یہ پالیسی غلط ہے، اس کی وہ پالیسی غلط ہے، ہم انسان ہیں، 10 چیزیں ٹھیک کریں گے تو ایک غلط بھی ہو سکتی ہے، لیکن اس کے Character پہ، اس کی Credibility پہ، اس کے نالج پہ اور اس کی خدمات پہ خیبر پختونخوا کیلئے کوئی شک نہیں ہے اور اس کیلئے میں ان کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں (تالیاں) ڈاکٹر برکی کو اور اس کے باقی بورڈ ممبر جتنے بھی ہیں کہ جو مفت کام کر رہے ہیں اس صوبے کے عوام کیلئے، تو Instead کہ ہم ان کا شکریہ ادا کریں، ہم ان پہ الزام لگائیں، یہ مناسب نہیں ہے۔ معزز خاتون نہیں ہیں، میری سب ایم پی اے صاحبان سے بھی یہ ریکویسٹ ہو گی کہ ہر بندے کا خیال رکھا جائے اور آخر میں بات ختم کرتا ہوں، لیکن یہ Issue resolve ہونا چاہیئے اور Once for all ہونا چاہیئے اور کسی کو اگر اعتراض ہے، میرے ساتھ بیٹھ جائے، ہم اس کے ساتھ فیکٹ شئیر کریں گے۔ شکریہ جی۔ تھینک یو۔

جناب سپیکر: سوری، ایک تو یہ ہے کہ فنانس منسٹر صاحب! آپ کل سپیچ کر لیں گے تاکہ ہمارے اپوزیشن کے تمام معزز اراکین بھی Available ہوں، تو آپ پہلے آئیے گا تاکہ کل آپ انشاء اللہ کر لیں گے اور یہ بنگش صاحب کا کوئی ایشو ہے، شہرام خان! وہ یو این ایچ سی آر کا تو آپ جو ہے نا، اس کو چیک کر لیں، آپ ان سے مل لیں، ان کے ساتھ ڈسکس کر لیں کہ جو ایشو ہے وہ کر لیں تو ان شاء اللہ کل دو بجے تک کیلئے ایڈجرن کرتے ہیں۔

(اجلاس بروز منگل مورخہ 13 جون 2017ء بعداز دوپہر دو بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)